**07.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

.................................................................................

☆ لوک سبھا نے مالیاتی بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے اِس بات کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت کی توجہ، اقتصادی ترقی اور ٹیکس قوانین کو آسان بنانے پر مرکوز ہے۔

☆ بھارتی اولمپکس ایسوسی ایشن نے پیرس اولمپکس میں خاتون پہلوان **Vinesh Phogat** کو نا اہل قرار دینے کے معاملے پر احتجاج درج کیا ہے۔ مرکز، ہر طرح سے مدد فراہم کر رہا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے 9 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 12 سیٹوں کیلئے ضمنی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔

☆ مرکز نے ٹرینوں کی حفاظت کیلئے 10 ہزار ٹرین انجنوں میں **Kavach 4.0** نصب کرنے کی منظوری دی ہے۔

☆ اور...... پیرس اولمپکس میں **Jyothi Yarraji**، خواتین کے 100 میٹر **hurdles** دوڑ کے اضافی مرحلے میں پہنچ گئی ہیں۔ اویناش **Sable**، مردوں کے 3 ہزار میٹر کے **Steeplechase** کے فائنل میں تمغہ جیتنے کیلئے کھیلیں گے۔

.................................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## LS FINANCE BILL

لوک سبھا نے آج مالیاتی بل 2024 کو منظور کرلیا۔ یہ بل مالی برس 2024-25 کیلئے مرکزی حکومت کی مالی تجاویز پر اثر انداز ہوتا ہے۔ بل کی منظوری کے ساتھ ہی بجٹ کا عمل اب مکمل ہوگیا ہے۔ لوک سبھا میں بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے اِس بات پر زور دیا کہ ٹیکس نافذ کرنے کا طریقہ، ٹیکس قوانین

اور طریقۂ کار کو زیادہ آسان بنانا رہا ہے اور ملک کو ترقی اور روزگار پیدا کرنے کے قابل بنانا ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اِس بجٹ میں نئے نظام تنخواہ دار ملازمین کیلئے معیاری کٹوتی بھی 50 ہزار سے بڑھا کر 75 ہزار روپے کر دی گئی ہے۔ اس سے پہلے بحث میں لیتے ہوئے BJP کے جگدمبیکا پال نے کہا کہ مالیاتی بل، بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے اِس سال کے بجٹ میں مقرر کردہ اہداف کو حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ کانگریس کے محمد حمد اللہ سعید نے الزام لگایا کہ حکومت، کارپوریٹس کو زیادہ فائدہ دے رہی ہے اور ان کی ٹیکس واجبات، عوام کے ادا کردہ ٹیکس کے مقابلے میں کم ہیں۔ بل کی منظوری کے بعد لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی۔ x

## PREZ VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، جو نیوزیلینڈ کے دو روزہ سرکاری دورے پر ہیں، کل راجدھانی Wellington جائیں گی۔ گورنمنٹ ہاؤس میں ان کو باضابطہ استقبالیہ Maori دیا جائے گا اور اُنھیں رائل گارڈ آف آنر بھی پیش کیا جائے گا۔ نیوزی لینڈ سے اس پروگرام کا کوریج کرنے والے ہمارے نمائندے نے یہ رپورٹ پیش کی ہے۔

**VC- Sri Sai**

*صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نیوزی لینڈ کی بھر پور روایتی ثقافت، Haongi روایت، Maori رسمی استقبالیہ اور haka پرفارمینس کا مشاہدہ کریں گی۔ گورنمنٹ ہاؤس میں صدر جمہوریہ، گورنر جنرل Dame Cindy Kiro، وزیر اعظم Christopher Luxon، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ Winston Peters کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گی۔ صدر جمہوریہ مرمو Takina Wellington کنونشن سینٹر میں نیوزی لینڈ کی بین الاقوامی تعلیمی کانفرنس سے بھی خطاب کریں گی۔ بعد میں محترمہ مرمو، Pukeahu قومی جنگی یادگار پر گلہائے عقیدت پیش کریں گی اور گورنر جنرل کی طرف سے دی گئی سرکاری ضیافت میں شرکت کریں گی۔*

*ویلنگٹن سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ............*

## ISRO - I-DAY MISSION

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم 'اِسرو' زمین کا مشاہداتی سیارچہ، EOS مدار میں پہنچا کر یومِ آزادی منائے گی۔ اسے چھوٹے سیارچے کو لانچ کرنے کی گاڑی، SSLV راکٹ کے ذریعے مدار میں پہنچایا جائے گا۔

یہ راکٹ 175 کلوگرام کے چھوٹے سیارچے EOS کو لے جائے گا ۔ اس مشن کو SSLV-D3 / EOS - 08 کا نام دیا گیا ہے ۔ EOS - 08 مشن کے بنیادی مقاصد میں مائیکرو سیارچے کا ڈیزائن اور ڈیولپمنٹ، مائیکرو سیٹلائٹ بس کے مطابق وزن لے جانے کے قابل آلات کی تیاری اور مستقبل کیلئے فعال سیارچوں کیلئے نئی ٹیکنالوجیوں

کو فروغ دینا ہے۔

اِسرو کے مطابق ، مجوزہ مشن ، **SSLV** ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی تکمیل کرے گا اور بھارتی صنعت اور عوامی شعبے کی کمپنی نیو اسپیس انڈیا لمیٹیڈ کے مستقبل کے مشنوں کی راہ ہموار کرے گا ۔ **x**

## ***ASEAN PARLIAMENTARY MEETING***

مہلک منشیات سے متعلق آسیان بین پارلیمانی اسمبلی **AIPA** کی مشاورتی کونسل **AIPACODD** کی ساتویں میٹنگ آج لاؤس میں شروع ہوئی۔ اِس میٹنگ کا مرکزی نقطہ منشیات کے معاملات کو حل کرنے میں پارلیمانی کردار کو مضبوط بناناہے۔ میٹنگ کی صدارت لاؤس کی قومی اسمبلی کے نائب صدر **Khambay Damlath** نے کی۔ اس میٹنگ میں **AIPA** کے ممبر ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران جناب **Khambay** نے منشیات کی روک تھام، اِسے کنٹرول کرنے اور جرائم سے نمٹنے میں **AIPA** کے رکن ممالک کی کوششوں کی ستائش کی۔ **x**

## ***BSF DG VISIT***

سرحدی حفاظتی فورس **BSF** کے ڈائریکٹر جنرل دلجیت سنگھ چودھری نے آج تریپورہ میں **856** کلو میٹر طویل بھارت- بنگلہ دیش بین الاقوامی سرحد پر سیکیورٹی اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ پڑوسی ملک بنگلہ دیش میں جاری ہنگامہ آرائی کے دوران ریاست کے ایک دن کے دورے پر انھوں نے اگرتلہ کے **Salbagan** میں واقع سرحدی ہیڈکوارٹرس میں **BSF** کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب چودھری نے کسی بھی طرح کی دراندازی اور سرحد پار جرائم کو روک کر سرحد کو محفوظ بنانے میں نیم فوجی دستوں کی انتھک کوششوں کی تعریف کی۔ آج یہاں اپنے مختصر دورے کے دوران جناب چودھری نے تریپورہ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل امیتابھ رنجن اور انٹیلیجنس کے ڈائریکٹر جنرل انوراگ دھنکڑ سے بھی ملاقات کی۔

اسی دوران **BSF** نے تریپورہ پولیس کے ساتھ ایک مشترکہ کارروائی میں اُن **11** بنگلہ دیشی شہریوں کو گرفتار کرلیا، جو **6** اور **7** اگست کی درمیانی شب کو غیر قانونی طور پر بھارت کی طرف آگئے تھے۔ **x**

## ***LS OLYMPICS***

کھیلوں کے مرکزی ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج کہا ہے کہ بھارتی اولمپکس ایسوسی ایشن **IOA** نے پیرس اولمپکس میں خاتون پہلوان **Vignesh Phogat** کو نااہل قرار دینے کے معاملے پر کُشتی کے عالمی ادارے یونائیٹیڈ ورلڈ ریسلنگ سے اپنا احتجاج درج کرایا ہے۔ لوک سبھا میں از خود بیان دیتے ہوئے جناب مانڈویہ نے کہا کہ مرکز، خواتین پہلوانوں کو ہر طرح کی مدد فراہم کر رہا ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس معاملے پر بھارتی اولمپکس ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا سے ذاتی طور پر بات کی ہے۔

جناب مانڈویہ نے کہا کہ بھارتی اولمپکس ایسوسی ایشن **IOA** سے کہا گیا ہے کہ وہ اِس سلسلے میں تمام امکانات کا جائزہ لے۔ **x**

## PT USHA PHOGAT

بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا نے آج پیرس اولمپکس میں 50 کلوگرام کے خواتین کے کُشتی کے مقابلے میں پہلوان Vinesh Phogat کو فائنل میں نااہل قرار دیئے جانے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ IOA کی صدر نے کہا کہ بھارت کی کُشتی Federation نے United World Wrestling سے نااہل قرار دیئے جانے کے فیصلے پر دوبارہ غور کرنے کیلئے ایک اپیل داخل کی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ IOA اس معاملے کو زور دار طریقے سے اٹھا رہی ہے۔ محترمہ اوشا نے یہ بھی کہا کہ سرکار پہلوان پھوگاٹ کو ہر ممکن مدد فراہم کررہی ہے۔

## ECI - RS NOTIFICATION

بھارت کے انتخابی کمیشن نے 9 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 12 سیٹوں کیلئے ضمنی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ اس سلسلے میں اطلاع نامہ ، اس ماہ کی 14 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور نامزدگی کے کاغذات ، اِس ماہ کی 21 تاریخ تک داخل کئے جاسکیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 22 اگست کو ہوگی اور چناؤ آئندہ ماہ کی 3 تاریخ کو ہوں گے۔ x

## GOVT. KAVACH 4.0

مرکز نے 10 ہزار ٹرین انجنوں میں Kavach 4.0 نصب کرنے کو منظوری دی ہے۔ Kavach ٹرین کی رفتار کو خود بخود کنٹرول کریں گے اور ضرورت پڑنے پر حادثوں سے بچاؤ کیلئے بریک لگائیں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزارت نے اگلے دو سال میں Kavach کی تنصیب مکمل کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ریلوے ملک بھر میں مشن موڈ پر Kavach کی تنصیب کا کام کرے گی۔ ریلوے کے وزیر نے مزید کہا کہ فی الحال جنوب وسطی ریلوے کے ایک ہزار 465 کلومیٹر ریل روٹس اور 144 ریلوے انجنوں پر Kavach نصب ہیں۔ x

## BIMSTEC - PIYUSH GOYAL

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے آج خلیج بنگال کثیر شعبہ جاتی تکنیکی اور معاشی تعاون پہل BIMSTEC ممالک سے اپیل کی کہ وہ آزادانہ تجارتی معاہدے، FTA پر جاری مذاکرات میں تیزی لائیں۔

نئی دلّی میں BIMSTEC کاروباری چوٹی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے اِس بات کی نشاندہی کی کہ ہر ممبر ملک کی معاشی صلاحیت کے باوجود BIMSTEC ممالک کے درمیان تجارت کا حجم کم ہے۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ممبر ممالک اور کاروباری رہنماؤں کو مجوزہ آزادانہ تجارتی معاہدے، FTA سے متعلق ترجیحات پر نظرِ ثانی کرنی ہوگی۔

جناب گوئل نے ہر BIMSTEC ملک میں، BIMSTEC ڈیسک شروع کرنے، سپلائی چین میں شراکت

داری ، ای- کامرس ، ڈجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے اور غذائی تحفظ کی وکالت کی۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب گوئل نے یقین کا اظہار کیا کہ چوٹی کانفرنس کے دوران حکومتیں ، مستقبل کی راہیں تلاش کرنے کیلئے مل کر کام کریں گی۔ x

## NEPAL FLOOD

نیپال میں جاری موسلادھار مانسون بارش کی وجہ سے آئے سیلاب اور تودے کھسکنے کے واقعات نے ملک بھر میں افراتفری پھیلا دی۔ اِس کے تحت گذشتہ 26 گھنٹے کے دوران Baglung اور Gumli میں 12 لوگوں کی موت ہوگئی۔ وہیں گذشتہ کل پیش آئے تودے کھسکنے کے واقعات میں 4 افراد لاپتہ ہیں اور 10 دیگر زخمی ہوگئے۔

تودے کھسکنے کے واقعات کے دوران لاپتہ 4 افراد کی تلاش کیلئے آج علی الصبح بچاؤ کارروائیاں شروع ہوگئی ہیں۔ 10 جون کو مانسون کے آغاز کے بعد سے گذشتہ کل شام تک پورے نیپال میں مانسون سے متعلق حادثات میں مجموعی طور پر 165 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ x

## BANGLADESH GOVT.

بنگلہ دیش میں نوبیل انعام یافتہ، پروفیسر محمد یونس کی سربراہی میں ایک عبوری حکومت، جمعرات کی رات حلف لے گی۔ فوج کے سربراہ جنرل وقار الزماں نے آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انھوں نے کہا کہ حکومت میں شامل ہونے والے افراد کی تعداد سے متعلق کوئی حتمی فیصلہ ابھی نہیں ہوا ہے۔ ابتدائی طور پر 15 افراد، عبوری حکومت کے مشیروں کے طور پر حلف لے سکتے ہیں۔ تاہم ایک یا دو مزید افراد کو اِس میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ فوج کے سربراہ نے کہا کہ جمعرات کو تقریباً 2 بج کر 10 منٹ پر ڈاکٹر یونس کی ملک میں آمد متوقع ہے۔ اسی دوران جنرل وقار الزماں نے امید ظاہر کی کہ بنگلہ دیش میں تین چار دن میں حالات معمول پر آجائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران ہونے والے جرائم میں ملوث افراد کو ہرگز بخشا نہیں جائے گا۔ اُن کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ داکٹر یونس کو لیبر کورٹ کی جانب سے گزشتہ سال لیبر قوانین کی خلاف ورزی پر دائر کئے گئے ایک مقدمے میں جیل کی سزا سے بری کر دیا گیا ہے۔ x

## DHAKA ADVISORY

ڈھاکہ میں واقع بھارتی ہائی کمیشن نے، وہاں رہائش پذیر بھارتی شہریوں کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر بنگلہ دیش میں مقیم بھارتی برادری کے افراد اور بھارتی طلباء کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ مقامی سفر سے گریز کریں اور اپنی رہائش گاہوں سے باہر کم سے کم نکلیں ۔

ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ بھارتی شہری، ہنگامی صورتحال میں یا کوئی مدد درکار ہو تو بھارتی ہائی کمیشن اور اسسٹنٹ ہائی کمیشنس سے 24 گھنٹے دستیاب ایمرجنسی نمبرز پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

یہ نمبرز ہیں :

+880 - 193 740 05 91

+880 - 181 465 47 97

+880 - 181 465 47 99

+880 - 178 814 86 96

اور

+880 - 131 307 64 11

ان نمبروں پر Whats App کے ذریعے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ x

## ***OLYMPIC SCHEDULE***

**Olympic Opening Music**

پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے ایک افسوسناک واقعہ یہ ہوا ہے کہ پہلوان ونیش پھوگاٹ کو 50 کلوگرام فری اسٹائل کُشتی مقابلے کیلئے نااہل قرار دے دیا گیا ہے ۔ ایسا فائنل میں ان کے پہنچنے کے بعد چندگرام وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے کیا گیا۔

خواتین کے 53 کلوگرام فری اسٹائل کُشتی میں Antim Panghal ترکی کی Zynep Yetgil سے دس - صفر سے ہار گئیں۔ خواتین کے 100 میٹر مقابلے میں Jyothi Yarraji ساتویں مقام پر رہنے کے بعد اضافی مرحلے میں داخل ہوگئی ہیں۔

خواتین کے ٹیبل ٹینس ٹیم کے کوارٹر فائنل میں بھارت ، جرمنی سے تین - ایک سے ہار گیا ہے۔

نیزہ پھینکنے والی کھلاڑی Annu Rani فائنل میں پہنچنے میں ناکام رہیں۔ وہ پندرہویں مقام پر پہنچ کر مقابلے سے باہر ہوگئیں۔ انہوں نے 55 اعشاریہ آٹھ ایک میٹر تک نیزہ پھینکا Marathon Race Walk کے Mixed Relay Event میں بھارت کے Suraj Panwar اور Priyanka Goswami دوڑ نہیں جیت سکے۔ گوسوامی Summer Games کے بارہویں دن دوڑ کے چوتھے اور آخری مرحلے سے باہر ہوگئیں۔

مردوں کے 300 میٹر کے Steeplechase کے فائنل میں Avinash Sable رات ایک بجکر 13 منٹ پر میڈل کیلئے مقابلے میں حصہ لیں گے۔

**Closing Olympic Music**

☆☆☆☆☆